جامعہ علومِ اثریہ میں فنِ جرح و تعدیل کی تدریس کا اہتمام

فنِ جرح و تعدیل کو حدیث اور اصولِ حدیث میں جو مقام حاصل ہے، اہلِ علم حضرات اس سے بخوبی واقف ہیں۔ اگر یہ کہا جائے کہ ایک ہزار علماء میں سے صرف ایک آدمی ہی اس علم سے واقف نظر آئے گا تو بے جا نہ ہوگا، بحمداللہ، اس سال جامعہ میں اس مضمون پر خصوصی توجہ دی گئی اور حضرت الاستاذ حافظ ثناء اللہ صاحب زاہدی کے شوق دلانے پر خامسہ، سادسہ اور ثامنہ کلاسوں کے طلباء نے اس کورس میں ذوق و شوق سے حصہ لیا۔ معلم کے فرائض فضیلۃ الشیخ حضرت مولانا قمر الزمان صاحب فاضل مدینہ یونیورسٹی نے سرانجام دیئے، جب کہ کورس کے لیے اس کتاب کا انتخاب کیا گیا جو مدینہ یونیورسٹی میں اس فن پر پڑھائی جاتی ہے۔ سال کے آخر میں کورس میں شامل طلباء کی حوصلہ افزائی کے لیے انھیں "نیل الاوطار شرح منتقی الاخبار" کا ایک ایک نسخہ دیا گیا۔

علاوہ ازیں امسال طلبائے جامعہ کے لیے عربی عبارات کی تصحیح اور صرف و نحو کی مشق کا بھی خصوصی اہتمام ہوا۔ اس کے محرک بھی حضرت الاستاذ حافظ ثناء اللہ صاحب الزّاھدی تھے۔ اساتذہ کرام کی مساعی اس سلسلہ میں قابلِ قدر ہیں اور اپنی استعداد کی حد تک راقم الحروف نے بھی اس خدمت میں حصّہ لیا۔

دعا ہے، اللہ تعالیٰ اساتذہ کرام اور طلبائے جامعہ کو علمِ دین پڑھانے پڑھنے اور خدمتِ اسلام کی زیادہ سے زیادہ توفیق ارزانی فرمائے —— آمین!

قاری محمد صادق صاحب سابق خطیب جامع مسجد رحمانیہ اہل حدیث میر پور آزاد کشمیر کا موجودہ پتہ درج ذیل ہے:

قاری محمد صادق صاحب خطیب جامع مسجد اہل حدیث ادھوال، ڈاک خانہ خاص، تحصیل و ضلع راولپنڈی۔